علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ فاصلاتی، غیر رسمی و تعلیم جاریہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: غیر رسمی تعلیم کے نصاب کا تعارف (DNFE108) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: ڈپلومہ ان لٹریسی اینڈ نان فارمل ایجوکیشن

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-5)

سوال نمبر 1۔ نصاب کے فریم ورک کی اہمیت بیان کریں۔ کم از کم تین نکات لکھیں کہ یہ تدریسی عمل کو کس طرح بہتر بناتا ہے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ سیکھنے والے پر مبنی طریقہ کار کی تفصیل لکھیں۔ غیر رسمی تعلیم میں اس کے مؤثر ہونے کی وجوہات اور ایک عملی مثال شامل کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ Accelerated Learning کے چار ماڈلز بیان کریں اور ہر ماڈل کے فائدے اور نقصانات مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ دیہی پس منظر رکھنے والے طلبہ کے لیے نصاب میں کس قسم کی سرگرمیاں مؤثر ہوں گی؟ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 کسی دور دراز علاقے کے لیے ایسا نصاب بنانے میں آپ کو کن مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے جہاں زبان، وسائل، اور اساتذہ کی کمی ہو؟ اپنی تفصیلی رائے دیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6-9)

سوال نمبر 1۔ مسئلہ حل کرنے کی سرگرمی میں کون سی صلاحیتیں بڑھتی ہیں؟ (20)

سوال نمبر 2۔ تحقیق اور سروے پروجیکٹ کے لیے کون سا مواد ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر 3۔ نصاب میں تبدیلی کے وقت کن عناصر کی شمولیت ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر 4۔ رسمی اور غیر رسمی تعلیم میں نصاب کی جانچ کے فرق کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 نصاب کی منصوبہ بندی کے دو اہم طریقے بیان کریں۔ (20)